

CHAPTER 1 ENGLISH GRAMMAR SMART GRAMMAR

Grammar: *Grammar is the study of structure (use) of a language.*

کسی زبان کی ساخت یا بناوٹ یعنی اس کے درست استعمال کے علم کو **گرامر** کہتے ہیں۔

خالق کائنات نے انسان کو بولنے کی طاقت عطا فرمائی ہے۔ انسان کو ایک ساتھ رہتے ہوئے ایک دوسرے سے بات کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔ کوئی سی بھی زبان ہو، گفتگو کرتے وقت یا لکھتے وقت **الفاظ** (Words) استعمال کیے جاتے ہیں۔ یہ الفاظ **حروف** (Letters) سے بنتے ہیں اور الفاظ سے **فقرہ** (Sentence) بنتا ہے۔ اسی طرح **انگریزی زبان** (English Language) میں بھی یہی ترتیب استعمال ہوتی ہے۔ انگریزی زبان کو سیکھنے کے لئے درج ذیل ترتیب کو سمجھنا ضروری ہے۔

Lesson 1 The Units of English Language

A unit is a basic part of a language. It means that a language is a combination of different units. Similarly, English language is a combination of different units. There are five (5) units in English grammar:

1. Letter 2. Word 3. Phrase 4. Clause 5. Sentence

انگلش گرامر کے پانچ بنیادی یونٹس کا تعارف درج ذیل ہے:

1. Letters (Alphabets حروف تہجی)

کسی زبان کی مخصوص آوازوں کو ظاہر کرنے کے لئے بنیادی علامتوں کو حروف (Letters) کہتے ہیں۔ انگریزی زبان میں 26 حروف ہیں۔

Capital Letters:
A, B, C, D, E, F, G, H, I, J, K, L, M, N, O, P, Q, R, S, T, U, V, W, X, Y, Z.
Small Letters:
a, b, c, d, e, f, g, h, i, j, k, l, m, n, o, p, q, r, s, t, u, v, w, x, y, z.

یہ حروف انگریزی زبان کو تحریری طور پر ظاہر کرنے کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ ان حروف کو الفاظ بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

> Dear Students, Do you know?
>
> This sentence has complete alphabets of English Language (a to z):
>
> **A quick brown fox jumps over the lazy dog.**

2. Word

A meaningful combination of different letters is called a word. For example: book, school, and pen, etc.

مختلف حروف کے بامعنی مجموعہ کو لفظ (Word) کہتے ہیں۔ مثلاً کتاب، سکول، قلم، وغیرہ۔ مثال کے طور پر انگریزی کے لفظ 'book' کو اگر 'kboo' یا 'okob' وغیرہ لکھا جائے تو یہ حروف (Words) کا مجموعہ تو ہوگا مگر بامعنی (meaningful) نہیں ہے اور نہ ہی حروف کی لفظ بنانے کی ترتیب ٹھیک ہے، اس لئے درست لفظ 'book' ہی لکھا اور پڑھا جائے گا جو کہ ایک بامعنی لفظ ہے اور "کتاب" کے معنی دیتا ہے۔

3. The Phrase:

The group of words which gives some sense but not the complete sense is called Phrase.

الفاظ کا ایسا مجموعہ جو مفہوم تو ادا کرے مگر پورا مفہوم ادا نہ کرے، Phrase کہلاتا ہے Phrase عام طور پر Preposition سے شروع ہوتا ہے۔ مثلاً:

Examples: In the east. In a corner. On the river. etc.
He wants **to study further**.

4. The Clause: A group of words containing a subject and predicate is called Clause.

ایسا جملہ جو کسی بڑے جملے کا حصہ ہو Clause کہلاتا ہے۔ یہ Subject اور Predicate پر مشتمل ہوتا ہے۔ اگر Clause میں Subject اور Predicate نہ ہوں تو یہ حصہ Clause کی بجائے Phrase کہلائے گا۔

This is the school / where we study. (یہ وہ سکول ہے / جہاں ہم پڑھتے ہیں)

اس فقرے میں دو Clauses ہیں۔ فقرے کے ایک حصے کے معنی کو سمجھنے کیلیے دوسرے حصے کی ضرورت ہے۔

5. Sentence

A meaningful combination of different words that makes a complete sense is called a sentence.

مختلف الفاظ کا با معنی مجموعہ جو کہ پورا مفہوم ادا کرے فقرہ (Sentence) کہلاتا ہے۔ مثلاً درج ذیل فقرات مکمل مفہوم ادا کر رہے ہیں۔

1. He is writing an essay. وہ ایک مضمون لکھ رہا ہے۔
2. I go for a walk. میں سیر کیلیے جاتا ہوں۔
3. She recites the Holy Quran. وہ قرآن پاک کی تلاوت کرتی ہے۔

حاصلِ کلام:

بات کو بہتر انداز میں سمجھنے کے لیئے اک بار دوبارہ ذہن نشین کر لیجئے کہ کلام یا بات فقرات سے بنتی ہے اور فقرات الفاظ سے بنتے ہیں۔ الفاظ حروف پر مشتمل ہوتے ہیں۔ ان حروف کو "حروف تہجی" (Alphabets) کہتے ہیں۔ الفاظ کا ایسا مجموعہ جس کے معنی مکمل طور پر سمجھ میں آجائیں فقرہ (Sentence) کہلاتا ہے۔

مثلا: Daud is reciting the Holy Quran. اِس فقرے میں پوری بات سمجھ آتی ہے کہ داود تلاوت کر رہا ہے یعنی صاف پتا چلتا ہے کہ کون کیا کر رہا ہے۔

اور الفاظ کا ایسا مجموعہ جس کی سمجھ تو آئے مگر مکمل سمجھ نہ آئے Phrase کہلاتا ہے۔ مثلا: in the morning, from the table, in the sky, etc.

انگلش چونکہ ہماری مادری زبان نہیں ہے اس لیے ہمیں انگلش کے الفاظ کے استعمال اور ترتیب کے ساتھ ساتھ ترجمہ یعنی Translation بھی سیکھنی پڑتی ہے۔ اس کے لیے پہلے اردو کے فقرات کی پہچان پھر انگلش کے فقرات کی پہچان اور بناوٹ کو سمجھنا ضروری ہے۔ ترجمے کیلیے ذخیرہ الفاظ (Vocabulary) کی ضرورت پڑتی ہے جس میں وقت اور مشق کے ساتھ ساتھ اضافہ ہوتا رہتا ہے۔

Lesson 2 Parts of a Sentence (فقرے کے حصے)

انگریزی زبان کے پانچ بنیادی اجزا میں سے سب سے بڑا جز فقرہ ہے۔ ایک فقرے کو بنیادی طور پر دو حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے:

1. Subject 2. Predicate.

1. Subject:(سبجیکٹ) فاعل

The person or thing that is being discussed or described, in a sentence, is called subject.

کوئی شخص یا چیز جس کے بارے میں فقرے میں کچھ کہا گیا ہو فاعل کہلاتا ہے۔ یعنی فاعل فقرے کے وہ لفظ/الفاظ ہوتے ہیں جن کے بارے میں کچھ کہا جائے۔ مثلاً درج ذیل فقرات میں 'I' اور 'This pen' پر غور کریں تو پتہ چلتا ہے کہ ان کے بارے میں کچھ کہا جارہا ہے اس لئے یہ فاعل (Subject) ہیں۔

1. **I** love my country. **میں** اپنے وطن سے محبت کرتا ہوں۔
2. **This pen** is mine. **یہ قلم** میرا ہے۔

2. Predicate:(پری ڈی کیٹ) مسندالیہ

The part of a sentence that expresses what is said about the subject is called predicate.

فقرے کا وہ حصہ جس میں فاعل کے بارے میں کچھ کہا جائے Predicate (مسندالیہ) کہلاتا ہے۔ مثلاً درج ذیل فقرات میں 'I' اور 'This pen' کے الفاظ 'Subject' ہیں اوران کے بارے میں جو کہا گیا ہے وہ Predicate ہے۔

1. I **love my country**.
   Predicate

2. This pen **is mine**.
   Predicate


Sr. No.	Subject		Predicate	
1	She	وہ	recites the Holy Quran daily.	روزانہ قرآن پاک کی تلاوت کرتی ہے۔
2	My father	میرا والد (میرے والد صاحب)	teaches in a school.	ایک سکول میں پڑھاتے ہیں۔
3	Good children	اچھے بچے	obey their parents.	اپنے والدین کا حکم مانتے ہیں۔
4	He	وہ	goes to Masjid for prayer.	مسجد نماز کے لیے جاتا ہے۔
5	That green pencil	وہ سبز پنسل	is mine.	میری ہے۔

Lesson 3 Structure of a Sentence (فقرے کی ساخت/بناوٹ)

ایک فقرے کے عام طور پر تین اہم اجزاء ہوتے ہیں، **فعل، فاعل اور مفعول:**

1. **S**ubject (فاعل) کام کرنے والا (عام طور پر یہ لفظ ناؤن یا پرناؤن ہوتا ہے)
2. **V**erb (فعل) ایسا لفظ جو کسی عمل/کام کو ظاہر کرے
3. **O**bject (مفعول) جس پر یا جس کی طرف کام ہو/جس پر "فعل" (کام) کا اثر ہو

انگریزی میں فقرہ بناتے وقت درج ذیل ترتیب کا خیال رکھا جاتا ہے۔



OR

Subject	+	Helping Verb	+	Verb	+	Object.
She		*is*		*reciting*		*the Holy Quran.*

نوٹ: فقرہ Verb کے بغیر نہیں بنتا۔ عام طور پر Subject بھی فقرے میں ہوتا ہے مگر بعض اوقات فقرے میں Object نہیں بھی ہوتا، مثلاً:

1. Ahmad is writing. احمد لکھ رہا ہے۔ (اس فقرے میں اوبجیکٹ نہیں ہے)
2. She recites. (S V) وہ تلاوت کرتی ہے۔ (اس فقرے میں اوبجیکٹ نہیں ہے)

Sentence Structure

AHMAD + LIKES + BOOKS.

Subject ⇐ Doer ⇐ **Verb** ⇒ Receiver ⇒ **Object**

Performing Action — Reveiving Action

Lesson 4 — Kinds of Sentences

ساخت کے لحاظ سے فقرے کی درج ذیل اقسام ہوتی ہیں:

1. Assertive / Declarative Sentences: بیانیہ فقرے
2. Interrogative Sentences سوالیہ فقرے
3. Imperative Sentences امر ونہی/حکمیہ فقرے
4. Exclamatory Sentences استعجابیہ فقرے
5. Optative Sentences دعائیہ یا تمنائی فقرے

1. Assertive / Declarative Sentences: بیانیہ فقرے

It is a sentence that makes a statement or simply declares or denies something.

بیانیہ فقرہ ایسا فقرہ ہوتا ہے جس میں کسی چیز کے متعلق کچھ کہا گیا ہو، وہ بات چاہے مثبت ہو یا منفی۔

For example: 1. Ali is my best friend. 2. She has not written an essay. etc.

2. Interrogative Sentences: سوالیہ فقرے

It is a sentence in which a question is asked. It ends with a question mark (?).

For example: 1. What are you doing? 2. Is he at home?

ایسا فقرہ جس میں کوئی سوال پوچھا گیا ہو سوالیہ فقرہ کہلاتا ہے۔ ایسا فقرہ سوالیہ نشان پر ختم ہوتا ہے۔

3. Imperative Sentences: امر ونہی/حکمیہ فقرے

It is a sentence that expresses a request, a command, a prohibition, an order or an advice. For example: 1. Open the door. 2. Say your prayers regulary. 3. Do not speak aloud. Etc.

جس فقرے میں کوئی درخواست، حکم، مشورہ، نصیحت، کسی کام کے کرنے کا حکم یا کسی کام سے منع کیا گیا ہو حکمیہ فقرہ کہلاتا ہے۔

4. Exclamatory Sentences: استعجابیہ فقرے

It is a sentence that shows strong and sudden feeling, emotion or excitement.

For example: 1. Hurrah ! I have passed the exam. 2. What a nice day !

استعجابیہ فقرہ ایسا فقرہ ہوتا ہے جس میں شدید یا جذباتی کیفیت کا اچانک اظہار کا ذکر موجود ہو۔

5. Optative Sentences: دعائیہ یا تمنائی فقرے

It is a sentence that expresses a prayer or a wish.

For example: 1. May you live long ! 2. Would that I have succeeded !

ایسا فقرہ جس میں کسی دعا دی گئی ہو یا کسی خواہش کا اظہار کیا گیا ہو دعائیہ یا تمنائی فقرہ کہلاتا ہے۔

یاد رہے کہ: "etc."، مکمل لفظ "etcetra" کو ظاہر کرتا ہے جس کے معنی ہیں "وغیرہ" یعنی اسی طرح کے اور یا مزید الفاظ۔ اس لیے اس کتاب میں جہاں یہ "etc." لکھا ہو گا اس کا مطلب ہو گا کہ اس طرح کے مزید الفاظ بھی اس مثال میں شامل ہو سکتے ہیں۔

CHAPTER 2 PARTS OF SPEECH (اجزائے کلام) SMART GRAMMAR

MY GRAMMAR STORY

My name is **Danyal**. I **live** in 332 G.B. My brother's name is **Daud**. My father **is a** teacher. I study **in** government school. I **go** to school **happily**. I like to study English Grammar. **It** is my **favourite** subject. I study grammar books **to** improve my English. *Grammar is the study of correct use of a language.* It means that how to use and arrange the words of a language. English is **not** our native language. We learn it step by step. **My teacher says, "If you take interest in something, you will learn it". Do** you agree with it? I take interest in **learning** English Grammar. **Last year**, I **was** worried **because** I could not arrange the words in sentence properly. I studied and learnt parts of speech. Now, I **have** learnt a lot about grammar. I can make sentences **now**. First, I **learnt** the basic structure of a sentence: **Subject + Verb + Object**. If we use a helping verb then we make a sentence as: **Subject + Helping Verb + Main Verb + Object**. The **use of verb** is very important in English Language. I have many books on grammar. **Next year**, I **shall** buy more books. My teachers also help **me** in learning English. Good teachers **and** books are always a good source of learning.

میرا نام دانیال ہے۔ میں 332 گ ب میں رہتا ہوں۔ میرے بھائی کا نام داود ہے۔ میرے والد صاحب ایک استاد ہیں۔ میں گورنمنٹ سکول میں پڑھتا ہوں۔ میں خوشی سے سکول جاتا ہوں۔ انگلش گرامر کا مطالعہ کرنا مجھے اچھا لگتا ہے۔ یہ میرا پسندیدہ مضمون ہے۔ میں اپنی انگلش بہتر بنانے کے لئے گرامر کی کتابیں پڑھتا ہوں۔ گرامر زبان کے درست استعمال کے علم کو کہتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ کسی زبان کے الفاظ کو استعمال کس طرح کرنا ہے اور ترتیب کس طرح سے دینی ہے۔ انگلش ہماری آبائی زبان نہیں ہے۔ ہم اسے آہستہ آہستہ سیکھتے ہیں۔ میرے استاد صاحب کہتے ہیں، "اگر آپ کسی چیز میں دلچسپی لیتے ہیں تو آپ اس کو سیکھ جائیں گے"۔ کیا آپ اس بات سے اتفاق کرتے ہیں؟ میں انگلش گرامر سیکھنے میں دلچسپی لیتا ہوں۔ پچھلے سال میں پریشان تھا کیونکہ میں فقرے میں الفاظ کو درست طریقے سے ترتیب نہیں دے سکتا تھا۔ میں نے اجزائے کلام کا مطالعہ کیا اور سیکھا۔ اب میں نے گرامر کے بارے میں بہت کچھ سیکھ لیا ہے۔ اب میں فقرات بنا سکتا ہوں۔ پہلے میں نے فقرے کی بنیادی بناوٹ کا طریقہ سیکھا: **مفعول۔ فعل۔ فاعل**۔ اگر ہم امدادی فعل استعمال کرتے ہیں تو فقرا ایسے بنے گا: **مفعول۔ فعل۔ امدادی فعل۔ فاعل**۔ فعل کا استعمال انگریزی زبان میں بہت اہمیت رکھتا ہے۔ میرے پاس گرامر کی بہت سی کتابیں ہیں۔ اگلے سال میں اور کتابیں خریدوں گا۔ میرے اساتذہ بھی انگلش سیکھنے میں میری مدد کرتے ہیں۔ اچھے استاد اور اچھی کتابیں سیکھنے کا ہمیشہ بہترین ذریعہ ہوتی ہیں۔

دانیال کی اِس کہانی میں بہت سارے لفظ استعمال ہوئے ہیں۔ کوئی لفظ نام کو ظاہر کر رہا ہے (Danyal, Daud, book, school, etc) تو کوئی کام کو (go, like, study)، کوئی لفظ نام کی جگہ استعمال ہوا ہے (I, my, we, etc) تو کوئی کام یا نام کی وضاحت کے لیے (happily, favourite, etc.)، کوئی لفظ ماضی کو ظاہر کر رہا ہے تو کوئی حال یا مستقبل کو (is, was, shall, etc.)۔ اِن الفاظ کو انگلش میں باقاعدہ نام دیے جاتے ہیں۔ فقرات میں الفاظ کے استعمال اور ترتیب کو سمجھنے کے لیے ایک

مثال کاذکر کرتے ہیں۔ جس طرح سکول میں بہت سارے لوگ ہوتے ہیں اور ہر بندہ اپنا اپنا کام سرانجام دیتا ہے۔ ہیڈ ماسٹر، استاد، طالب علم، ملازم وغیرہ سب اپنا اپنا کام اپنی جگہ پر رہتے ہوئے ادا کرتے ہیں۔ اگر وہ اپنی جگہ رہ کر اپنا کام سہی ادا نہ کریں تو سکول کا سسٹم درست نہیں رہے گا۔ اسی طرح انگلش میں ہر لفظ اپنا اپنا کردار اپنی جگہ پر رہتے ہوئے ادا کرتا ہے۔ اگر اپنی جگہ سے ہٹے یا اپنا کام درست ادا نہ کرے تو فقرات صیحح نہیں بنیں گے۔ اس لیے انگش زبان کے الفاظ کا درست جگہ پر درست استعمال بہت ضروری ہے۔ اس استعمال اور کام کی نوعیت کے لحاظ سے فقرے میں استعمال ہونے والے مختلف الفاظ کو مختلف نام دیے جاتے ہیں جن کو Parts of Speech یا Classes of Words کہتے ہیں۔ اجزائے کلام(Parts of Speech) کو سمجھنے کا مطلب ہے کہ ہم فقرے کے مختلف الفاظ یعنی اجزا کے نام، ان کا استعمال اور فقرے میں الفاظ کی درست ترتیب سے واقف ہو گئے ہیں۔

Daud	Is	Always	engaged	in	his	good	work.
↓	↓	↓	↓	↓	↓	↓	↓
Noun	Verb (Helping)	Adverb	Verb (Main)	Preposition	Pronoun	Adjective	Noun

درجہ بالا بحث کے بعد یہ کہا جاسکتا ہے کہ **<u>جو ہم بولتے/لکھتے ہیں اسے کلام(Speech) کہتے ہیں</u>**۔ کلام کے لئے ہم فقرات استعمال کرتے ہیں۔ فقرات میں جو الفاظ استعمال ہوتے ہیں ان الفاظ کو کام کی نوعیت کے اعتبار سے مختلف اجزاء(Parts) میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ ان اجزاء کو اجزائے کلام(Parts of Speech) کہتے ہیں, اِن اجزا کو Classes of Words کا نام بھی دیا جاتا ہے۔ جو کہ تعداد میں آٹھ ہیں۔ کچھ کتابوں میں تعداد زیادہ بھی بیان کی جاتی ہے، مگر اگلے صفحات کے مطالعہ سے یہ بات واضح ہو جائے گی کہ بنیادی اجزائے کلام آٹھ ہیں، اِن کے علاوہ بیان کردہ اجزائے کلام(Parts of Speech) اِنہی اجزا کی مزید اقسام ہیں۔ آٹھ بنیادی پارٹس آف سپیچ یعنی اجزائے کلام درج ذیل ہیں"

Parts of Speech	
Noun	A naming word
Pronoun	Used in place of a noun
Adjective	Explains a noun or pronoun
Verb	Shows action or state
Adverb	Explains a verb
Preposition	Shows direction or position
Conjunction	A joining word
Interjection	Expresses sudden feelings

Every word of the English language is one part of speech or the other. The detail of above mentioned parts of speech is given as under:

Lesson 1.A Noun - (اسم)

Noun is a word used to name a person, a place, a thing or an idea.

کسی شخص، جگہ، چیز یا خیال کے نام کو اسم (Noun) کہتے ہیں۔ مثلاً:

1. **Mr. Jinnah** was a great **leader**. 2. Always speak the **truth**.
3. **Children** eat **bread**.

درج بالا فقرات میں Mr. Jinnah، leader، truth، bread اور children کے الفاظ Nouns ہیں۔ مختصر یہ کہ کوئی بھی نام ہو تو انگریزی میں Noun کہلاتا ہے۔

Names of Persons	Places	Things	Ideas
Ali	Pirmahal	Table	(خوشی)Happiness
Teacher	Pakistan	Chair	(غم)Sadness
Doctor	School	Pen	(بہادری)Bravery
Allama Iqbal	Lahore	Cat	(عقل مندی)Wisdom

Kinds of Noun

اسم کی درج ذیل اقسام ہیں:

No.	Kinds of Noun	تلفظ	معنی
1	Common Noun	کامن ناؤن	اسم نکرہ
2	Proper Noun	پراپر ناؤن	اسم معرفہ
3	Collective Noun	کولیکٹیو ناؤن	اسم جمع
4	Material Noun	میٹیرئل ناؤن	اسم مادہ
5	Abstract Noun	ایبسٹریکٹ ناؤن	اسم مجرد / اسم کیفیت
6	Countable Noun	کاؤنٹ ایبل ناؤن	قابل شمار اسم
7	Uncountable Noun	ان کاؤنٹ ایبل ناؤن	ناقابل شمار اسم

(i). Common Noun (اسم نکرہ): It is a common name.

عام نام کو اسم نکرہ کہتے ہیں۔ یہ ایک ہی طرح کے آدمیوں، جگہ یا چیزوں کا نام ہوتا ہے۔

Examples: chair, school, boy, book, girl, man, pencil, etc.

(ii). Proper Noun (اسم معرفہ): It is a proper name. خاص جگہ، شخص یا چیز کا نام اسم معرفہ کہلاتا ہے۔

Examples: The Holy Quran, Pirmahal, Pakistan, etc.

Common Noun	Proper Noun
کوئی سا بھی ملکCountry	خاص ملک کا نامPakistan
کوئی سا بھی شہرCity	خاص شہر کا نامPirmahal
کوئی سا بھی لڑکاBoy	خاص لڑکے کا نامAhmad
کوئی سی بھی لڑکیGirl	خاص لڑکی کا نامAyesha
Teacher	Mr. Mureed Hussain

School	Govt. High School 343 G.B.

(iii). Collective Noun (اسم جمع): Collective noun is the name of a group or collection of similar persons or things. وہ اسم جوان اشخاص یا اشیاء کے مجموعے کو ظاہر کرے جو مل کر ایک وحدت تصور ہوں۔ مثلاً:

Examples: army, class, team, family, crowd, etc.

(iv). Abstract Noun (اسم مجرد): The name of a quality, action or state is called abstract noun.
کسی خاصیت، حالت یا کیفیت کے نام کو اسم مجرد کہتے ہیں۔

Examples: honesty, truth, Poverty (غربت) courage(حوصلہ), bravery(بہادری),etc

یاد رہے ابسٹریکٹ ناؤن سے پہلے "the" استعمال نہیں ہوتا۔

Quality (خاصیت)	State (حالت/کیفیت)	Action(عمل)
Honesty ایمانداری	Happiness خوشی	Love پیار، محبت
Truth سچ	Childhood بچپن	Bravery بہادری
Kindness ہمدردی	Patience صبر	Laughter ہنسی

(v). Material / Concrete Noun (اسم مادہ یا جنس):
It is the name of a material, matter or substance out of which things are made.
اسم مادہ یا جنس وہ اسم ہے جو مادے یا جنس کو ظاہر کرے جس سے مزید اشیاء بنائی جائیں۔ یاد رہے میٹیریل ناؤن سے پہلے "the" استعمال نہیں ہوتا۔

Examples: milk, meat, gold, water, wood, rice, silver, cotton, wheat, etc.

(vi). Countable Noun:

A noun that can be counted is called countable noun. ایسا اسم ہے جس کو شمار کیا جا سکے۔

Examples: book, girl, boy, etc. These Nouns can be counted as one **book**, two **books**, three **boys**, etc.

vii) Uncountable Noun:

A noun that cannot be counted is called uncountable noun.

ایسا اسم جس کو شمار نہ کیا جا سکے Uncountable Noun کہلاتا ہے۔ اس اسم کی جمع نہیں بنائی جاتی۔

Examples: Iron, coffee, milk, sugar, water, ice, etc.

EXERCISE NO. 01

Tick (✓) the correct option.

1. **The word anxiety is _________.**
   (a) A Noun (b) An Adjective (c) An Adverb (d) A Pronoun
2. **"Team" is a/an:**
   (a) Proper Noun (b) Common Noun **(c) Collective Noun** (d) material Noun
3. **"Herd" is a/an:**
   (a) Collective Noun (b) Material Noun
   (c) Uncountable Noun (d) Verbal Noun
4. **The police dispersed the crowd. The underlined word is a/an:**
   (a) Countable Noun (b) Material Noun
   (c) Un-countable Noun **(d) Collective Noun**
5. **"Committee" is a/an _______ noun.**

(a) Abstract (b) Uncountable (c) Proper **(d) Collective**

6. **Patience is a/an ______.**
(a) Proper Noun (b) Material Noun (c) Collective Noun **(d) Abstract Noun**

7. **Courage is a/an ________ noun.**
(a) Material (b) Countable (c) Uncountable **(d) Abstract**

8. **"Difficulty" is a/an _________ noun.**
(a) Countable (b) Uncountable (c) Material **(d) Abstract**

9. **Charagh Din is admired for his valour.**
(a) Abstract Noun (b) Concrete Noun (c) Pronoun (d) Noun Clause

10. **Bravery is a/an _______ noun.**
(a) Proper (b) Collective **(c) Abstract** (d) Material

11. **Wisdom is a/an ______ noun.**
(a) Proper **(b) Abstract** (c) Common (d) Material

Lesson 2 — Pronoun - (اسم ضمیر)

A pronoun is a word, used in place of a noun. It indicates a noun.

کسی اسم(Noun)کی جگہ استعمال ہونے والے یا کسی اسم کی طرف اشارہ کرنے والے لفظ کو اسم ضمیر کہتے ہیں۔ مثلاً:

(1). Ali was absent because **he** was ill. (2). **You** are a teacher.
(3). **I** am a student. (4). Is **that** your house?

✓ فقرہ نمبر(1)میں 'he' کا لفظ Noun یعنی Ali کی جگہ استعمال ہوا ہے اس لئے 'he' کا لفظ Pronoun ہے۔

✓ فقرہ نمبر(2)اور(3)میں 'you' اور 'I' کسی Noun کی جگہ استعمال ہوئے ہیں اس لئے یہ Pronouns ہیں۔

Kinds of Pronoun

(i). Personal Pronoun (اسم ضمیر شخصی)

A personal pronoun is used for the name of a person or it indicates a person. **For example**: I, we, he, she, they, you, etc.

کسی شخص/فرد کے نام کی جگہ استعمال ہونے والے لفظ کو Personal Pronoun کہتے ہیں۔ یہ پروناؤن تین اشخاص کو ظاہر کرتا ہے:

(i) The person ***speaking*** (First Person ضمیر متکلم) بات کرنے والا شخص – (I, We)

(ii) The person ***spoken to*** (Second Person ضمیر حاضر) جس سے بات کی جائے – (You)

(iii) The person ***spoken of*** (Third Person ضمیر غائب) جس کے بارے میں بات کی جائے – (He, She, It, They)

Cases of Personal Pronouns:-اسم ضمیر شخصی کی حالتیں

i). Nominative / Subjective Case فاعلی حالت ii). Possessive Case اضافی/ملکیتی حالت

iii). Objective Case مفعولی حالت

Nominative/Subjective Case اس کیس میں پروناؤن فاعلی حالت میں استعمال ہوتا ہے۔	Possessive Case پروناؤن کی ملکیتی حالت کو ظاہر کرتا ہے۔	Objective Case پروناؤن کی مفعولی حالت کو ظاہر کرتا ہے۔
I am a student. (I=Subject Pronoun)	This is **my** class. This class is **mine.** (Possessive Pronouns)	He gave a book to **me**. (me=Object Pronoun)
For the Teacher. یاد رہے کہ my, our, his, her,its, their وغیرہ Possessive Adjectives کے طور پر بھی استعمال ہوتے ہیں۔		

Personal Pronouns کے درج ذیل چارٹ کو اچھی طرح ذہن نشین کر لیں۔ یہ اسماء یاد کرنے سے نہ صرف پروناؤنز کی اچھی طرح سمجھ آئے گی بلکہ **Active** اور **Passive Voice**/ **Direct and Indirect Narration** کو سمجھنے میں بھی آسانی رہے گی۔

Persons		(Nominative) Subjective Case *(Subject Pronouns)* فاعلی حالت	Possessive Case ملکیتی حالت	Objective Case *(Object Pronouns)* مفعولی حالت
1st	Singular (واحد)	I میں	my, mine میرا	me مجھے
	Plural (جمع)	We ہم	our, ours ہمارا	us ہمیں
2nd	Singular	You تم/آپ	Your, Yours تمہارا، آپ کا	You آپ کو/تمہیں
	Plural	You تم/آپ	؍	؍
3rd	Singular	he (مذکر) وہ she (مؤنث) وہ it (جانور یا بے جان) یہ	his اُس کا her, hers اُس کا its اِس کا	him اُسے her اُسے it اِسے
	Plural	They (جمع) وہ	their اُن کا	them اُنہیں/اُن کو

❖ Personal Pronouns میں پرانی انگلش میں Thou(تم/آپ) اور Thy(تمہارا/آپ کا) وغیرہ کے الفاظ بھی استعمال ہوتے ہیں۔

(ii). Relative Pronoun (ضمیر موصول)

A pronoun used to denote a relationship is called relative pronoun. It may also be used to join two sentences.

یہ وہ Pronoun ہے جو کہ تعلق کو ظاہر کرنے کے یا دو فقروں کو جوڑنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

Examples : which(جو کہ)، whom(جس کو)، whose(کس کا)، who(کون)، that (جو کہ) وغیرہ۔

1. This is the boy **who** met me yesterday. 2. I saw the boy **who** won the race.
3. This is the essay **that** was awarded the first prize. 4. The boy **who** lost his book is worried. 5. I have found my watch **which** was lost yesterday.

(iii). Indefinite Pronoun (ضمیر تنکیری)

Indefinit pronoun is used to denote unspecified persons or things.

یہ Pronoun **غیر مخصوص** اشیاء یا اشخاص کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً: کوئی، کوئی نہیں، سارے، تمام، ہر ایک وغیرہ۔

Examples: someone, anyone, none, all, many, every, etc.

1. **Everyone** likes him. 2. **All** were present there.

(iv). Reflexive Pronoun (ضمیر معکوس)

The pronouns which is used when the subject and the object of the sentence are the same is called reflexive pronoun.

ایسا Pronoun جو فعل کو فاعل کی طرف واپس آنے کو ظاہر کرے یا فاعل اور مفعول ایک ہی ہوں۔

Examples: myself, yourself, himself, herself, etc.

1. He enjoyed **himself** in the party. 2. She **herself** cleans her room.

Reflexive Pronouns

Pronouns		Reflexive Pronoun	ترجمہ
Objective Pronoun	**Possessive Pronoun**		
I	My	Myself	میں نے خود
We	Our	Ourselves	ہم نے خود
You	Your	Yourself	تم نے خود
He	Him	Himself	اُس نے خود (مرد)
She	Her	Herself	اُس نے خود (عورت)
It	It	Itself	اِس نے خود
They	Them	Themselves	اُنہوں نے خود (جمع)

(v). Demonstrative Pronoun (ضمیر اشارہ)

ایسا Pronoun جو نشاندہی یا کسی طرف اشارہ کرنے کے لئے استعمال کیا جائے۔ مثلاً: This, that, these, those, etc.

Exapmles: **These** are my books. **This** book is mine. Is **that** your house?

(vi). Interrogative Pronoun (ضمیر استفہامیہ)

سوالات پوچھنے کے لئے استعمال ہونے والے Pronoun کو Interrogative Pronoun کہتے ہیں۔

Examples: who, whom, what, when, why, where, etc.

1. What are you doing? 2. Who is there? 3. Where are you going?

(vii). Distributive Pronoun (ضمیر تقسیمی)

یہ Pronoun تقسیم کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ ہمیشہ واحد فاعل کے طور پر استعمال ہوتا ہے اور فعل کی فرسٹ فارم استعمال ہوتی ہے۔

مثلاً none, neither, each, etc.

1. Every student wants to study. 2. **None** of the boys **was** absent.
3. **Each** of the girls **was** present.

❖ **PRONOUNS** کی درج بالا اقسام میں کچھ الفاظ ایک سے زیادہ قسموں میں استعمال ہوئے ہیں، لفظ وہی ہیں مگر ان کا استعمال اور مفہوم ان کی اقسام (Kinds) کو الگ الگ کرتا ہے کہ وہ کس معنی میں استعمال ہوئے ہیں۔

❖

EXERCISE NO. 02

Tick (✓) the correct option.

1. **You are a doctor. The underlined word is:**
   (a) Noun (b) Verb (c) Adverb **(d) Pronoun**
2. **I go to school daily. The underlined word is a/an:**
   (a) Reflexive Pronoun (b) Indefinite Pronoun **(c) Personal Pronoun** (d) Relative Pronoun
3. **The moment which is lost is lost forever. The underlined word is a/an:**
   (a) Indefinite Pronoun (b) Reflexive Pronoun
   (c) Possessive Pronoun **(d) Relative Pronoun**
4. **He is the boy who stole my pen. Here 'who' is a ________ pronoun.**
   (a) Personal (b) Possessive (c) Reflexive **(d) Relative**
5. **A relative pronoun is a word that works as:**
   (a) Conjunction (b) Article (c) Adjective (d) Past participle
6. **She is the girl whom I met in Lahore. The underlined word is a/an:**
   (a) Relative Pronoun (b) Personal Pronoun
   (c) Interrogative Pronoun (d) Indefinite Pronoun
7. **Some are born great. The underlined word is a/an:**
   (a) Possessive Pronoun **(b) Indefinite Pronoun**
   (c) Reflexive Pronoun (d) Personal Pronoun
8. **You will hurt yourself. The underlined word is a/an:**
   (a) Personal Pronoun (b) Possessive Pronoun
   (c) Reflexive Pronoun (d) Indefinite Pronoun
9. **This is my book. The underlined word is a/an:**
   (a) Possessive Pronoun (b) Reflexive Pronoun
   (c) Indefinite Pronoun (d) Personal Pronoun

Lesson 3.A Adjective - (اسم صفت)

It is a word used to explain or add to the meaning of a noun or pronoun.

ایسا لفظ جو کسی Noun یا Pronoun کے معنی میں اضافہ کرے یا اس کی صفت بیان کرے Adjective کہلاتا ہے۔ یاد رہے صفت مثبت بھی ہو سکتی ہے اور منفی بھی، کوئی خوبی بھی ہو سکتی ہے اور خامی بھی۔

1. He is a good student. 2. I gave him two pencils.
3. He is a lazy boy. 4. I do not like that family.

درج بالا فقرات میں good, lazy, two, that کے الفاظ مختلف ناؤنز یا پروناؤنز کی صفت (خوبی یا خامی) بیان کرتے ہیں اس لیے یہ الفاظ Adjectives کہلائیں گے۔

The Comparison of Adjective (اسم صفت کے درجات)

Positive Degree	Comparative Degree	Superlative Degree
He is a rich man. وہ ایک امیر آدمی ہے۔ یہ درجہ کسی ناؤن یا پرو ناؤن کی ذاتی صفت بیان کرتا ہے۔	He is richer than Ali. وہ علی سے امیر ہے۔ یہ درجہ دو اشخاص یا اشیا میں سے ایک کے وصف کی کمی یا زیادتی کو بیان کرتا ہے۔	He is the richest man in the family. وہ سارے خاندان میں امیر ترین آدمی ہے۔ یہ درجہ کسی شخص یا چیز کا دو یا اس سے زیادہ سے مقابلہ کر کے ایک کا انتہائی وصف/خوبی بیان کرتا ہے۔

نوٹ: Superlative Degree سے پہلے The کا استعمال ضروری ہے۔ اس کے بغیر فقرہ غلط تصور ہوگا۔

Kinds of Ajectives

Important Kinds of Adjectives are given as under:

1. **Adjective of Quality:**

The adjectives which show the kind, quality or condition of a noun or pronoun are called "Adjectives of Quality". For example:

A ***fat*** man, A ***big*** house, A ***loyal*** citizen, An ***intelligent*** boy, etc.

2. **Adjective of Quantity:**

Adjectives of quality show how much a thing is meant. For example:

Some food, ***Much*** work, ***The whole*** milk, ***A little*** water, etc.

3. **Adjective of Numbers:**

Adjectives of number show how many persons or things are meant. For example:

Five men, ***many*** girls, ***A few*** boys, ***All the*** books, etc.

4. **Demonstrative Adjectives:**

Demonstrative adjectives show which person or thing is meant. For example:

This chair, ***That*** boy, ***These*** children, ***Those*** plants, ***Such*** flowers, etc.

5. **Interrogative Adjectives:**

Interrogative adjectives are used to ask questions. For example:

Whose book is this? ***Which*** way will you go? ***Who*** is this boy?

6. **Possessive Adjectives:**

Pessessive adjectives are used to show the possession of a thing or a person. For example:

His book, ***My*** brother, ***Our*** friend, ***Her*** dress, **Its** colour, ***Their*** feelings, etc.

Adjective Phrase:

An adjective phrase is a group of words that does the work of an adjective. For example:

1. I like to see a **smiling** face. (Adjective)

2. I like to see a face **with a smile on it.** (Adjective Phrase)

Adjective Clause:

An Adjective Clause is a group of words which has a subject and predicate of its own. It is used as an adjective to qualify/explain Noun or Pronoun or it denotes relation to a Noun or Pronoun.

(1) This is the boy **who stole my pen**. (2) The man **whom I do not know** came here yesterday.


(4) The student **whose books are lying** has gone.

Lesson 3.B The Article - (حرفِ تنکیر)

The **adjective** 'a' or 'an' and 'the' are called articles. *If we consider the definition of adjective, we shall better understand why "The Article" is placed under the main heading of "Adjective".* As an adjective explains or defines a noun or pronoun, the articles (a, an, the) also define a noun or pronoun. That is why the articles are being dicussed under the heading of "The Adjective".

انگریزی میں 'a'، 'an' اور 'The' (Articles) کے الفاظ اسم صفت (Adjective) کے طور پر استعمال ہوتے ہیں کیوں کہ یہ عام طور پر Noun یا Pronoun کے ساتھ استعمال ہوتے ہیں۔ حروف تنکیر کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

Kinds of Articles



(i).Indefinite Article:

'a' اور 'an' کو Indefinite Articles کہا جاتا ہے۔ کیوں کہ یہ عمومیت کو ظاہر کرتے ہیں اور کامن ناؤنز (عام نام) کے ساتھ استعمال ہوتے ہیں ۔ کسی لفظ سے پہلے اگر 'a' یا 'an' کا استعمال کرنا ہو تو لفظ کے 'spellings' کی بجائے ادا ہونے والی آواز (sound) کو دیکھا جاتا ہے۔ اگر لفظ سے پہلے vowel sound یعنی (الف) کی آواز آئے تو 'an' استعمال ہو گا ورنہ 'a' استعمال ہو گا۔ Indefinite Article صرف اُن Nouns کے ساتھ لگا سکتے ہیں جو شمار کی جا سکیں اور Singular (واحد) ہوں مثلاً:

1. This is **a** table. 2. She is eating **an** apple. 3. **A** cat eats meat.

(ii). Definite Article:

'The' کو Definite Article کہا جاتا ہے کیوں کہ یہ خصوصیت کو ظاہر کرتا ہے۔ مثلاً:

1. **The** book, he wants, is not available in the market.

2. **The** moon shines in **the** sky. 3. **The** rose is a sweet flower.

نوٹ: دریا، سمندر، جزیرے، صحرا، مذہبی کتابوں، اخبارات، موسیقی کے آلات، کسی شے کی نسل، Adjective کی تیسری ڈگری اور پہاڑوں کے نام سے پہلے 'The' استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً:

